آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظامت خوراک
ڈی-151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کو مالی سال 2019-20ء کے طلبیدہ سالانہ ٹینڈرز میں جن مقامات کے ٹھیکہ جات یکسونہ ہو سکے کیلئے بذیل اسٹیشن ھاء پر اجناس کی ڈھلائی کیلئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 2019-20ء کے لئے پری کوالفیکیشن ار جسٹریشن / تجدید کروائی ہے، سے مطبوعہ فارموں پر ازارخ مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	از مقام	تا مقامات
1	پنجاب میں واقع پاسکو کے پی آر سنٹرز۔	بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، بیس گودام میرپور، منگلا فلور ملز میرپور، نیو فائن فلور ملز میرپور، صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال۔
2	بیس گودام اسلام آباد	سدوزئی فلور ملز آزاد پتن، پونچھ فلور ملز راجہ (براستہ آزاد پتن)
3	پونچھ فلور ملز راجہ	جہالہ، پاچھیوٹ، پھجر، نعمانپورہ، ڈوبہ (پرونگی بالا)، جھنگڑ سجائی
4	سدوزئی فلور ملز آزاد پتن	پلندری، نزر (کوٹلی بازار)، عزیز آباد، لنجگراں، چھتھل، چک دھمنی
5	جدید فلور ملز گوراہ	بلوچ، ترارکھل، دیوی گلی، بیٹھک، بساڑی، دوراندی، کیری گلہ، عباسپور، پلندری، کہوٹہ، گگڈار
6	نیلم فلور ملز مظفرآباد	بٹیاں، نون بگلہ (میراخورد) لمعیاں ریشیاں، سلمیہ، مظفرآباد (اپراڈا)، دھنی سیداں، چکار
7	کشمیر یونائیٹڈ فلور ملز سہالہ	نیلم فلور مظفرآباد (بوقت ضرورت)، گیلانی فلور ملز کوہالہ (بوقت ضرورت)
7	ڈپو ہٹیاں	چھم نزد ھجیاں، گہمل جبڑا، موجی، منڈل
9	ڈپو گڑھی دوپٹہ	کائی منجہ، دچھور میراں
10	ڈپو کیلر	کالا مولہ/ براچھڑ (بوقت ضرورت)

متذکرہ بالا مقامات کیلئے مقررہ زر بیعانہ 2% بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نظامت خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈر سر بمہر لفافہ میں مورخہ 18 جولائی 2019ء بوقت 30-11 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سٹلایٹ ٹاون راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈرز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 12-00 بجے دن ھولے جائینگے۔ پنجاب سے بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، بیس گودام میرپور، منگلا فلور ملز میرپور، نیو فائن فلور ملز میرپور، صدیقی فلور ملز جاتلاں اور پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال کے لیے ازارخ فی ٹن فی کلومیٹر کی بنیاد پر جبکہ دیگر مقامات کے لیے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔ کامیاب ٹینڈرز دہندگان کو ٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور زر ضمانت تحت مروجہ ہدایات جمع کروانی ہوگی۔

شرائط:

1۔ متذکرہ ٹھیکہ جات میں سے پنجاب تا بیس گودام اسلام آباد، یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات، بیس گودام/منگلا فلور ملز میرپور، نیو فائن فلور ملز میرپور، صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال اور بیس گودام اسلام آباد تا پونچھ فلور ملز راجہ (براستہ آزاد پتن) اور سدوزئی فلور ملز آزاد پتن کیلئے صرف **"اے کلاس"** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے جبکہ دیگر ٹھیکہ جات کیلئے بھی ٹھیکیداران اپنی حد مالیت کے اندر رہتے ہوئے نرخ دینے کے اہل ہونگے۔ اس سلسلہ میں مفصل شرائط ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

3۔ پاسکو زون ھاء کے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی، اس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2020ء تک ہوگی۔ تاہم اس ٹھیکہ میں توسیع صرف محکمانہ ضرورت کے مطابق ہی ممکن ہوسکے گی۔ جس کے لئے ٹھیکیدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

6۔ ٹھیکیداران کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کرکے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کرکے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔ اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی۔

8۔ ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل/پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ ازارخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

9- کامیاب ٹینڈر دھندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔

10- زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہی ہو سکے گی۔

11- افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

12- نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے ایکسل وائز وزن (Axle-Load) اٹھانے کی پابندی کو تین ماہ کے لئے نرم کیا گیا ہے۔ یہ پابندی دوبارہ عائد ہونے کی صورت میں پنجاب تا بیس گودام ھاء تا جملہ فلور ملز اور دیگر ڈپوھاء جو نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ایکسل وائز وزن کی پابندی کی زد میں آئیں گئے، کے ٹینڈرز دوبارہ طلب کئے جائیں گئے۔ پابندی عائد نہ ہونے کی صورت میں ان ٹھیکہ جات کا اطلاق پورے مالی سال رہے گا۔

2/7/19

(راجہ محمد نواز)
ناظم خوراک
فون نمبر 051-9290625